106490-رمضان المبارک کا استقبال کیسے کریں

سوال

کیا مسلمان شخص کے لیے رمضان المبارک کے استقبال میں کوئی مشروع اور مخصوص امور پائے جاتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

"سال کے مہینوں میں افضل ترین رمضان المبارک کا مہینہ ہے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی نے اس ماہ مبارک کے روزے رکھنا فرض کیے ہیں اوراس کے روزے دین اسلام کے ارکان میں سے ایک رکن قرار دیا ہے، اور مسلمانوں کے لیے اس کی راتوں کا قیام مشروع کیا ہے.

جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے : اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اور نماز کی پابندی کرنا، اورزکاۃ کی ادائیگی کرنا، اور رمضان المبارک کے روزے رکھنا، اور بیت اللہ کا حج کرنا" متفق علیہ.

اورایک حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے بھی رمضان المبارک کے مہینہ کا اجروثواب کی نیت رکھتے ہوئے قیام کیا اس کے پہلے تمام گناہ معاف کردیے جاتے ہیں" متفق علیہ.

میرے علم کے مطابق تو رمضان المبارک کے استقبال کے لیے کوئی معین چیز نہیں ہے، صرف اتنا ہے کہ مسلمان شخص رمضان کا استقبال خوشی وفرحت اورپورے سرور کے ساتھ کرے اوراللہ کا شکرادا کرے کہ اس نے اسے رمضان المبارک تک زندگی عطا فرمائی اوراسے توفیق نصیب فرمائی ہے، اوراسے زندہ رکھا ہے کہ وہ بھی نیک اورصالح اعمال کرنے والوں کے ساتھ سبقت لے جانے کی کوشش کرے.

کیونکہ رمضان المبارک کے مہینہ تک زندگی پہنچ جانا ایک بہت عظیم نعمت اوراللہ کا احسان ہے، اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کو رمضان المبارک آنے کی خوشخبری دیا کرتے اوراس کے فضائل بیان کرتے، کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے اس میں روزے داروں اورقیام کرنے والوں کے لیے کتنا عظیم اجروثواب تیار کیا ہے.

مسلمان شخص کے لیے اس بابرکت مہینہ کا استقبال کرنے لیے مشروع ہے کہ وہ توبہ واستغفار کرتے ہوئے اس ماہ مبارک کے روزے رکھنے اورقیام کرنے کی تیاری کرے، اور نیک و صالح نیت اورپختہ اور سچے عزم کے ساتھ توبہ کرتے ہوئے روزہ رکھنے کی نیت کرے" انتہی

فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ.